میں مصروف ہیں۔ آپ نے اپنے مخصوص تعمیری ادبی نقطۂ نظر کو فروغ دینے، ادب کو اسلام کی خدمت کے لئے تیار کرنے اور اپنے ہم خیال اہل قلم کو منظم کرنے کے لئے "فاران" کا اجرا کیا ہے۔ ان مقاصد کے پیش نظر ہم اس نوخیز ماہنامے کا دلی خیر مقدم کرتے ہیں۔ اب تک اس کے جو پانچ چھ نمبر ہماری نگاہ سے گذرے ہیں وہ بہت ہی حوصلہ افزا ہیں۔

**ماہنامہ یثرب**

بہ ادارت :۔ بشیر احمد صاحب ارشد

مقام اشاعت :۔ نزد تھانہ گوالمنڈی۔ لاہور

چندہ سالانہ :۔ پانچ روپے رفی پرچہ ۸ / ۔

یہ نو اجرا ماہنامہ اسلامی ادب کے محاذ کا ایک سرگرم مجاہد ہے۔ اس کے لکھنے والے بالعموم وہ اہل قلم ہیں جن کا تعلق حلقۂ ادب اسلامی یا انجمن تعمیر پسند مصنفین کے طرز فکر سے ہے۔ نظم و نثر دونوں میدانوں میں یہ جریدہ نئے نئے اسالیب کے ساتھ اسلامی قدروں کو پیش کر رہا ہے۔ اہتمام صرف اسی کا نہیں کہ جریدے کا معنوی پہلو معیار سے نہ گرنے پائے بلکہ ظاہری محاسن کا بھی پورا پورا لحاظ رکھا گیا ہے۔ مرتب رسالہ کو معیار کے ساتھ ساتھ تنوع کی اہمیت کا جو احساس ہے اس کا ثبوت "یثرب" کے ہر شمارے سے مل سکتا ہے۔

**ماہنامہ "فردوس"**

بہ ادارت :۔ محمد جلیل خاں صاحب

مقام اشاعت :۔ قائم گنج ضلع فرخ آباد، یوپی (انڈیا)

چندہ سالانہ :۔ چار روپے رفی پرچہ ۵ / ۔

یہ رسالہ بھی بکھرے ہوئے اسلامی طرز فکر کا ایک اچھا مظہر ہے۔ زبان کی سادگی اور انداز بیان کے عام فہم ہونے کا جو لحاظ رکھا گیا ہے اس کی وجہ سے یہ عورتوں، بچوں اور کم خواندہ لوگوں کے لئے بہت ہی مفید ثابت ہو سکتا ہے "الحسنات" رام پور کے بعد یہ رسالہ اس قابل ہے کہ مسلمان گھرانے اسے قدر کی نگاہ سے دیکھیں اور اپنی خواتین اور بچوں کے فکر و اخلاق کی تعمیر اسلامی بنیادوں پر کرنے کے لئے اس سے پورا پورا فائدہ اٹھائیں۔ الحسنات کی طرح فردوس کی یہ اہمیت بھی نظر انداز نہ کرنی چاہیئے کہ اس رسالے کے مندرجات سے تعلیم بالغاں کے کام میں مدد لی جا سکتی ہے۔ فردوس کا صوری معیار بھی پست نہیں ہے۔